# 09-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مہیلا شکتی مہا سبھا میں خواتین گروپس کے زیرِ انتظام چلنے والی 553 بسوں کو جھنڈی دکھا کر آغاز کیا۔

۲۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے کہا مستقبل کی ضروریات کے پیش نظر برقی اور بنیادی سہولیات کی ترقی کو حکومت اولین ترجیح دے رہی ہے۔

۳۔ محکمہ اقلیتی بہبود اور تلنگانہ میناریٹی فینانس کارپوریشن کے اشتراک سے حیدرآباد کے نامپلی میں میگا جاب میلہ منعقد۔ ریاستی وزراء پونم پربھاکر اور اظہرالدین کے ہاتھوں افتتاح۔

اور

۴۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جنوب مغربی مانسون کل تک پورے تلنگانہ میں پھیل جائے گا۔ حیدرآباد کے مختلف علاقوں میں شدید بارش کا سلسلہ جاری۔

Medak District Collector

میدک ضلع کی کلکٹر پرتیما سنگھ نے تعلیمی سال 2026-2027 کے تعلق سے منعقدہ ایک جائزہ اجلاس میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں منڈل ایجوکیشن آفیسرس، اسکول ہیڈ ماسٹرس اور منڈل ریسورس پرسنس شریک ہوئے۔ اس موقع پر کلکٹر پرتیما سنگھ نے کہا کہ طلبہ کے لئے منعقد کئے گئے بیس لائن اسیسمنٹ کے نتائج کی بنیاد پر ان کی تعلیمی صلاحیتوں کا جائزہ لیا جائے اور آئندہ دسمبر تک ان کی سیکھنے کی صلاحیتوں میں نمایاں بہتری لائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم ای اوز اور ہیڈ ماسٹرس قواعد کے مطابق اسکولوں کا باقاعدہ معائنہ کریں اور

اساتذہ والدین کے ساتھ اجلاس منعقد کرتے ہوئے اپنی کارکردگی سے آگاہ کریں۔ اجلاس میں مختلف اسکول کے ہیڈ ماسٹرس اور منڈل ریسورس پرسنس بھی موجود تھے۔

PTC, Medak

Rajanna Sircilla District Collector

راجنا سرسلہ ضلع کلکٹر گریما اگروال نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ دھان کی اَن لوڈ نگ کے عمل کو مزید تیز کیا جائے۔ انہوں نے اڈیشنل کلکٹر گڈم نگیش کے ہمراہ سرسلہ میونسپل حدود میں واقع سردار پور زرعی مارکٹ یارڈ کے گوداموں کا معائنہ کیا۔ اس دوران انہوں نے گوداموں کی ذخیرہ کی گنجائش اور دھان کی ذخیرہ اندوزی کے طریقہ کار کے بارے میں تفصیلات حاصل کیں۔ کلکٹر نے ہدایت دی کہ خریداری مراکز سے اناج لے جانے والی گاڑیوں کی لوڈ نگ اور ترسیل میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو اور اس عمل کی مسلسل نگرانی کی جائے۔

PTC, Sircilla

Bhatti Vikramarka

نائب وزیر اعلیٰ وکرامارکا نے کہا ہے کہ مستقبل کی ضروریات اور عوامی مطالبات کو مدنظر رکھتے ہوئے برقی اور بنیادی سہولیات کی ترقی کو ترجیح دی جارہی ہے۔ وہ ضلع جنگاؤں کے پلہ گٹہ میں منعقدہ ایک عوامی جلسہ سے خطاب کررہے تھے جس کی صدارت مقامی رکنِ اسمبلی کڈیم سری ہری نے کی۔ اس موقع پر بھٹی وکرامارکا نے تلنگانہ میں برقی تقسیمی ادارہ کے تحت 60 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے نئے بجلی سب اسٹیشنوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا جب یہ علاقہ نقل مکانی کا مرکز سمجھا جاتا تھا تاہم

موجودہ عوامی حکومت جامع ترقیاتی منصوبوں کے ذریعہ حالات بدلنے کے لئے کام کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پانی کی فراہمی اور آبپاشی کے لئے برقی بنیادی ضرورت ہے اسی لئے برقی کے نظام کو مسلسل عصری بنایا جا رہا ہے اور عوامی ضروریات کے مطابق اس میں بہتری لائی جا رہی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت دیوادولا لفٹ اریگیشن پروجیکٹ کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے اور اس منصوبہ کو جلد مکمل کیا جائے گا۔

PTC, Jangaon

Nizamabad Collector

نظام آباد کلکٹر ایلا ترپاٹھی نے کہا ہے کہ خریف سیزن کی فصلوں کی کاشت کے لئے ضلع میں کھاد کا وافر ذخیرہ دستیاب ہے اور کسانوں کو کسی قسم کی تشویش کی ضرورت نہیں ہے۔انہوں نے آج جانکم پیٹ اور ایڑاپلی میں واقع کھاد کے گوداموں اور فروخت کے مراکز کا معائنہ کیا۔اس موقع پر کلکٹر نے یوریا بکنگ ایپ کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ اس ایپ سے کسانوں کو کوئی نقصان نہیں ہے اور گزشتہ ربیع سیزن میں بھی اسے بغیر کسی دشواری کے کامیابی سے نافذ کیا گیا تھا۔کلکٹر نے کہا کہ یوریا بکنگ ایپ کھاد کی شفاف اور منظّم تقسیم کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ اس کی غیر قانونی منتقلی کو روکنے میں مددگار ثابت ہو رہا ہے لہٰذا کسان اس حوالہ سے کسی قسم کی غلط فہمی کا شکار نہ ہوں۔

PTC, Kamareddy

Surakshit Matrutva Abhiyan

کھمم گورنمنٹ ہاسپٹل میں پردھان منتری سرکشت ماترتوا ابھیان اسکیم کو کامیابی کے ساتھ نافذ

کیا جارہا ہے۔ ماں اورنومولود بچوں کی اموات میں کمی لانے کے مقصد سے ہر ماہ کی 9 تاریخ کو حاملہ خواتین کے لئے مفت خون اور پیشاب کے ٹسٹ کے علاوہ الٹرا ساؤنڈ اسکیننگ کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ کھمم گورنمنٹ ہاسپٹل ڈاکٹر یامنی نے آکاشوانی کو بتایا کہ ان معائنوں کے ذریعہ ہائی رسک کیسس کی بروقت نشاندہی کی جاتی ہے اورانہیں مناسب طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ حاملہ خواتین کو ضروری آئرن اور فولیک ایسڈ کی گولیاں بھی مفت فراہم کی جارہی ہیں۔

Byte.. Dr. Yamini

PTC, Khammam

Harish Rao

بی آر ایس کے سینئر قائداور سابق وزیر ہریش راؤ نے مطالبہ کیا ہے کہ خواتین کو کروڑ پتی بنانے کے دعوے کرنے والے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پہلے دو ماہ سے تنخواہوں سے محروم 62 ہزار انگن واڑی ورکرس کے بقایاجات ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ سابق بی آر ایس حکومت نے انگن واڑی ملازمین کی تنخواہوں میں ملک میں سب سے زیادہ اضافہ کیا تھا۔ ہریش راؤ نے یاددلایا کہ انتخابات سے قبل کانگریس نے انگن واڑی کارکنوں کی تنخواہ 18 ہزار روپے کرنے کا وعدہ کیا تھالیکن مدت گزرنے کے باوجوداس وعدہ کو پورانہیں کیا گیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ حکومت مطالبات کرنے والے ملازمین کی بات سننے کے بجائے ان کے خلاف پولیس کے ذریعے دباؤ ڈال رہی ہے جوافسوسناک ہے۔

Desk

Governor Shiv Pratap Shukla

ریاستی گورنر شیو پرتاپ شکلا نے ملک کی تاریخ میں سب سے طویل عرصہ تک منتخب وزیر اعظم کے عہدہ پر فائز رہنے پر نریندر مودی کو مبارکباد پیش کی ہے۔ راج بھون کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ یہ کامیابی وزیر اعظم مودی کی قیادت پر عوام کے بھرپور اعتماد کی عکاسی کرتی ہے۔ گورنر نے نریندر مودی کے دورِ حکومت میں ملک کی معاشی، ڈیجیٹل اور بین الاقوامی شعبوں میں حاصل ہونے والی پیش رفت کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ بھارت 'وکست بھارت' کے ہدف کی تکمیل کی جانب مزید آگے بڑھے گا اور ایک خوشحال و مضبوط ملک بنے گا۔

Desk

CM Sabha

پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا کے حصہ کے طور پر سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ میں منعقدہ مہیلا شکتی مہا سبھا کا اب سے کچھ ہی دیر پہلے آغاز ہوا۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اس جلسہ میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی اور انہوں نے خواتین گروپس کیلئے قرض کی حد کو پانچ لاکھ سے بڑھا کر 10 لاکھ روپے کرنے کا اعلان کیا۔ ساتھ ہی انہوں نے خواتین گروپس کو پانچ سو کروڑ روپے کے بلاسودی قرض کے چیکس حوالے کئے اور آر ٹی سی کی ہائر بسوں کے چار جس کے تحت 20 کروڑ روپے سے زائد کے چیکس تقسیم کئے۔ اس موقع پر ریونت ریڈی نے کیا۔

PTC - HYD

N. Uttam Kumar Reddy

ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ابھی تک 147 لاکھ میٹرک ٹن اناج حاصل کیا گیا ہے۔

انھوں نے بتایا کہ ملک بھر میں یہ ریکارڈ ہے اور ابھی تک کسانوں کے کھاتوں میں 35 ہزار 77 روپے جمع کروائے گئے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ ملک میں کاشت ہونے والی دھان میں سے 61 فیصد تلنگانہ سے ہی حاصل ہوتی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ بی آر ایس حکومت کے 10 سال کے دوران کسانوں کو ایک لاکھ 35 ہزار کروڑ دئے گئے جبکہ ان کی حکومت نے اندرون دو سال کسانوں کو ایک لاکھ کروڑ روپے ادا کئے ہیں۔

PTC - HYD

Weather

محکمہ موسمیات کے مطابق جنوب مغربی مانسون تلنگانہ میں مزید پیش رفت کرتے ہوئے ضلع جوگولامبا گدوال تک پہنچ گیا ہے۔ محکمہ نے پیش قیاسی کی ہے کہ کل تک مانسون پوری ریاست میں پھیل جائے گا۔ اس کے علاوہ اتر پردیش سے لے کر ساحلی آندھرا تک ہوا کے کم دباؤ کا علاقہ بنا ہوا ہے۔ اس کے اثر سے آج اور کل ریاست کے مختلف اضلاع میں 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے اور شدید بارش ہونے کا امکان ہے جس کے پیش نظر ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ محکمہ نے بتایا کہ 14 جون تک بارش جاری رہ سکتی ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ضلع سوریہ پیٹ کے علاقہ پدا ویڑو میں سب سے زیادہ 11.1 سنٹی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔

PN

Mega Job Mela

پرجا پالانا پرگتی پرانالیکا کے تحت محکمہ اقلیتی بہبود اور تلنگانہ مینارٹی فینانس کارپوریشن کے اشتراک

سے حیدرآباد کے نامپلی علاقہ میں ایک میگا جاب میلہ منعقد کیا گیا۔اس پروگرام کا افتتاح ریاستی وزراء پونم پربھاکر اور محمد اظہرالدین نے کیا۔ اس موقع پر محمد اظہرالدین نے کہا کہ گزشتہ دس برسوں میں جو پروگرام نافذ نہیں ہوسکے تھے وہ اب وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں انجام دیئے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اقلیتی طبقات کی ترقی اور انہیں بااختیار بنانے کیلئے حکومت کی جانب سے خصوصی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ حکومت کا مقصد تمام اقلیتی نوجوانوں کو مساوی مواقع فراہم کرنا ہے۔انہوں نے اعلان کیا کہ مستقبل میں ریاست کے تمام اضلاع میں اس نوعیت کے میگا جاب میلوں کا انعقاد کیا جائے گا۔اس جاب میلہ میں تقریباً دو ہزار اقلیتی نوجوانوں نے شرکت کی۔

Desk

Dharna

کارپوریٹ تعلیمی اداروں کی جانب سے زائد فیس کی وصولی کے خلاف بی جے وائی ایم تلنگانہ کے زیراہتمام حیدرآباد میں TAFRC کے دفتر کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا گیا۔احتجاجیوں نے حکام کو ایک یادداشت پیش کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے غیر معمولی فیسیں وصول کرنے والے تعلیمی اداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ تعلیم کو ہر طبقہ کے لئے قابلِ رسائی بنانے کے لئے ذمہ دارانہ اقدامات کئے جائیں۔

Desk

N. Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے الزام عائد کیا ہے کہ ریاستی حکومت کسانوں کے مسائل کو نظر انداز کرتے ہوئے مرکزی حکومت پر بے بنیاد الزامات لگا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دھان کی خریداری کے معاملہ میں ریاستی حکومت ناکام رہی اور بی جے پی کی جدوجہد کے بعد ہی خریداری کے عمل میں تیزی آئی۔ رام چندر راؤ نے مزید کہا کہ انتخابات سے قبل دی گئی 6 ضمانتوں اور مختلف وعدوں پر عمل درآمد کرنے میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی ناکام رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت تلنگانہ کی ترقی اور قومی شاہراہوں کی توسیع کے لئے ہزاروں کروڑ روپے مختص کر رہی ہے، جبکہ کانگریس اور بی آر ایس جماعتیں خفیہ مفاہمت کے تحت بی جے پی کے خلاف گمراہ کن مہم چلا رہی ہیں۔

Desk

Heavy Rain

شہر حیدرآباد میں صبح سے گرمی کی شدت دیکھی جا رہی تھی تاہم شام کے وقت موسم تبدیل ہو گیا۔ مانسون کی آمد کے ساتھ ہی شہر کے کئی علاقوں میں بارش ہو رہی ہے۔ حیدرآباد کے بعض علاقوں سے موسلا دھار بارش کی اطلاعات ملی ہے۔ ناچارم، ملاپور، تارناکہ، حبشی گوڑہ، مادھاپور، گچی باؤلی، ہائی ٹیک سٹی علاقوں میں بارش کی وجہ سے ٹرافک جام دیکھا گیا۔

Desk

OO